# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبۂ اردو)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالبعلم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد چوری'' کی Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: (فارسی زبان وادب۔ا)5621 سمسٹر: خزاں2026ء

سطح: ایم اے (اردو)

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔(ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔
3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔
6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر:40

## امتحانی مشق نمبر ا

### (یونٹ نمبر: 1 تا 4)

| | |
|---|---|
| سوال نمبرا۔ جدید فارسی زبان پر قدیم فارسی کا کون سا لہجہ زیادہ غالب ہے؟ وضاحت کریں۔ | 20 |
| سوال نمبر۲۔ صفاری دور اور سامانی دور میں فارسی ادب کے ارتقا کا تنقیدی جائزہ لیں۔ | 20 |
| سوال نمبر۳۔ تیموری اور صفوی دورِ حکومت میں فارسی شعر و نثر کی صورتِ حال پر تفصیل سے لکھیں۔ | 20 |
| سوال نمبر۴۔ لفظ سازی میں فارسی زبان نے اردو کو کس طرح متاثر کیا؟ وضاحت سے لکھیں۔ | 20 |
| سوال نمبر۵۔ فارسی زبان وادب کی تاریخ میں دو لہجوں یعنی فارسی باستان اور اوستائی کی اہمیت پر روشنی ڈالیں۔ | 20 |

# امتحانی مشق نمبر۲

(یونٹ نمبر: 5 تا 9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر۱۔ محاورے کی تعریف کریں نیز فارسی کے سو(۱۰۰) محاورات اوران کا اردو ترجمہ تحریر کریں۔ 20

سوال نمبر۲۔ فعل اور مصدر میں کیا فرق ہے؟ مصدر کی اقسام بیان کریں۔ 20

سوال نمبر۳۔ زمانے کی اقسام اوران کے بنانے کا طریقہ مثالوں کی مدد سے بیان کریں۔ 20

سوال نمبر۴۔ فارسی میں اسم کی اقسام پر سیر حاصل بات کریں۔نیز فارسی اوراردو میں اس حوالے سے مشترکات پر روشنی ڈالیں۔ 20

سوال نمبر۵۔ فارسی زبان کس طرح اردو ضرب الامثال پر اثر انداز ہوئی؟ مثالوں کی مدد سے وضاحت کریں۔ 20